نیوز ریلیز

سفارتخانہ ریاستہائے متحدہ امریکہ۔ اسلام آباد، پاکستان

رابطہ: البرٹو راڈریگیز

ترجمان

فون: 0300-501-2640

26 مئی 2011ء

برائے فوری اجراء

109/2011

امریکی سفارتخانہ کی جانب سے نوجوانوں میں ضروری صلاحیتیں نکھارنے کیلئے اعانت

سرکاری جامعات کے طلبہ کیلئے منعقدہ ورکشاپ طلبہ کو فن تقریر میں بہتری کیلئے مددگار ثابت ہوگی

اسلام آباد (26 مئی 2011ء) ___ امریکی سفارتخانہ نے 26 مئی کو فاطمہ جناح ویمن یونیورسٹی میں فن خطابت کے حوالے سے ایک ورکشاپ منعقد کی۔ اسسٹنٹ کلچر افیئرز آفیسر جیسن سیمور کی قیادت میں ورکشاپ میں 40 طلبہ کو تقریر کے فن اور مباحثہ میں بہتری کیلئے مشاورت اور رہنمائی فراہم کی گئی۔

سفارتخانہ نے حال ہی میں متعدد تقریبات کے انعقاد میں مالی معاونت کی جس کے ذریعے طلباء کی تعلیم کے حصول میں حوصلہ افزائی کے ساتھ ساتھ فن تقریر پر بھی خصوصی توجہ دی گئی۔ تقریر ایک ایسا فن ہے جو طلباء اور پیشہ ور افراد کی کامیابی میں ڈرامائی کردار ادا کرتا ہے۔ ان تقریبات میں ورکشاپ کے علاوہ ایک مقابلہ بھی شامل تھا جو کہ مارچ میں منعقد ہوا۔

جیسن سیمور نے کہا کہ امریکہ نے عزم کر رکھا ہے کہ پاکستان میں تعلیم کے فروغ اور طلباء کی صلاحیتوں کو دریافت کیا جائے اور ان کو نکھارا جائے۔

امریکی سفارتخانہ، امریکی حکومت کی مالی معاونت سے تبادلہ پروگراموں کے سابق شرکاء کے اشتراک سے متعدد تقریبات منعقد کرتا ہے جس کا مقصد تعلیم کا فروغ ہے۔ ان میں کالجوں میں میلے اور مختلف شعبوں سے وابستہ امریکی اور پاکستانی ماہرین کیساتھ تقریبات شامل ہیں۔

پاکستان میں امریکی سفارتخانے کا تعلیمی اور ثقافتی پروگرام دنیا بھر میں اپنی نوعیت کا سب سے بڑا پروگرام ہے۔ یہ پروگرام پاکستانی طلبہ کیلئے تعلیمی مواقع کی فراہمی کے حوالے سے امریکی عزم کا اہم حصہ ہیں، جو کہ دونوں ملکوں کے عوام کے درمیان روابط کے فروغ، اور پاکستان کے ساتھ شراکت کے قیام پر مبنی ہے۔

###

مزید پریس ریلیز اور پاک امریکہ تعلقات کے بارے میں معلومات کیلئے ہماری ویب سائیٹ ملاحظہ کریں۔

http://islamabad.usembassy.gov